21797 ـ قرآن مجيد كى طباعت مصارف زكاة ميں سے نہيں ہے

سوال

ايك خيراتى ادارہ قرآن مجيد اور اس كا مختلف زبانوں ميں ترجمہ و تفسير كى نشر و اشاعت كا كام كرتا ہے، تو كيا اس كام كے ليے زكاۃ صرف كى جا سكتى ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

قرآن مجيد كا ظاہر تو يہى دلالت كرتا ہے كہ اس كام كے ليے زكاۃ كا مال صرف نہيں كيا جا سكتا، كيونكہ يہ مصارف زكاۃ ميں شامل نہيں جو مندرجہ ذيل فرمان بارى تعالى ميں مذكور ہيں:

فرمان بارى تعالى ہے:

صدقات و خيرات تو صرف فقراء و مساكين ..... التوبۃ (60).

كبار علماء كرام كميٹى كا فيصلہ بھى صادر ہوا ہے جس ميں ہے كہ اس كام كے ليے زكاۃ صرف نہيں كى جا سكتى، جيسا كہ ہم نے ابھى ذكر بھى كيا ہے.